الأوردية اردو

توحید کی قسمیں: 3

الله تعالی کو الوہیت و ربوبیت اور اسماء صفات میں یکتا و اکیلا ماننا-

اور اس کی تین قسمیں ہیں:

توحید ربوبیت

الله تعالیٰ کو اس کے افعال میں اکیلا ماننا- یا الله تعالیٰ کو پیدا کرنے میں، بادشاہی میں اور تدبیر وغیرہ میں یکتا ماننا-

توحید الوہیت

عبادت میں الله تعالیٰ کو یکتا ماننا - یا بندوں کے افعال میں الله تعالیٰ کو یکتا ماننا-

توحیداسماءوصفات

الله عز وجل کو اس کے نام وصفات میں ایک ماننا- ان (تمام اسماء حسنی، اور صفات علیا) پر ایمان رکھنا جن سےالله تعالی نے اپنی کتاب میں خود کو متصف کیا ہے، یا اس کے رسول ﷺ نے متصف کیا ہے بغیر تحریف و تعطیل، اور بغیر تکییف و تمثیل کے -

دین کے تینوں مراتب:

اسلام

الله تعالیٰ کی توحید کوتسلیم کرنا، الله تعالیٰ کی اطاعت کرتے ہوئے اس کی فرماں برداری کرنا، شرک اور مشرکین سے براء ت کااظہار کرنا-

ارکانِ اسلام 5

1۔ شہادتیں کا اقرار کرنا۔
2۔ نماز قائم کرنا۔
3۔ زکوٰۃ ادا کرنا۔
4۔ رمضان کے روزے رکھنا۔
5۔ بیت الله کا حج کرنا۔

ایمان

دل سے اعتقاد، زبان سے اقرار، اور اعضاء سے عمل کا نام ایمان ہے - نیکی کرنے سے بڑھتا ہے، گناہ کرنے سے کم ہوتا ہے۔

ارکانِ ایمان 6

1۔ الله تعالیٰ پر ایمان
2۔ اس کے فرشتوں پر ایمان۔
3۔ اس کی کتابوں پر ایمان۔
4۔ اس کے رسولوں پر ایمان۔
5۔ آخرت کے دن پر ایمان۔
6۔ اچھی اوربری تقدیر پر ایمان۔

احسان

یہ کہ تم الله کی بندگی ایسے کرو گویا کہ تم الله کو دیکھ رہے ہو، اگر(یہ تصور قائم نہ کرسکو کہ) تم اسے دیکھ رہے ہو تو(یہ تصور ہو کہ) وہ تمہیں دیکھ رہاہے۔

صرف ایک رکن ہے، اس کے دو مراتب ہیں:

1۔ مشاہدہ: یہ کہ تم الله کی بندگی ایسے کرو گویا کہ تم الله کو دیکھ رہے ہو۔
2۔ مراقبہ:اگر(یہ تصور قائم نہ کرسکو کہ) تم اسے دیکھ رہے ہو تو(یہ تصور ہو کہ) وہ تمہیں دیکھ رہاہے۔

محرمات کی قسمیں: 4

شرکِ اکبر

مشرک انسان ملت اسلام سے خارج ہے، اگر شرک کا مرتکب توبہ کے بغیر مرجائے تو اس کی مغفرت نہیں ہوگی۔ الله کے ساتھ غیر کو شریک ٹھہرائے، اسے پکارے جیسے الله کو پکارتے ہیں، اس سے خوف کھائے، اس سے امید رکھے، یا اس سے الله کی طرح محبت کرے، یا عبادت کی کسی بھی قسم کو اس کے لئے انجام دے۔

شرکِ اصغر

(یہ دین سے خارج نہیں کرتی، لیکن اس کا گناہ کبیرہ گناہوں سے بڑا ہے) جیسے یہ کہنا کہ: جو الله چاہے اور آپ چاہیں، غیر الله کی قسم اُٹھانا، معمولی درجہ کی ریاکاری، شرکیہ تعویذ، بدشگونی اور بدفالی، گنڈے اور کوڑیاں لٹکانا اس اعتقاد کے ساتھ کہ یہ اس کی حفاظت کریں گے یا نظرِبد سے بچائیں گے۔

کبیرہ گناہ

(وہ گناہ جس کے ارتکاب پر ایک خاص سزا ہوتی ہے۔) جیسے جادو ٹونا، والدین کی نافرمانی، سودی لین دین، زنا کاری، بدفعلی (لواطت)، جھوٹ بولنا، شراب پینا، چوری کرنا، غیبت کرنا، ناحق قتل کرنا، یتیم کا مال کھانا۔

صغیرہ گناہ

کبیرہ کے علاوہ تمام گناہ) کبیرہ گناہ توبہ و استغفار سے مٹ جاتے ہیں، صغیرہ گناہوں پر ڈٹے سے وہ کبیرہ گناہ بن جاتے ہیں۔
نبی ﷺ کا فرمان ہے کہ:"چھوٹے گناہوں سے بچو، کیونکہ وہ کسی شخص پر جمع ہو جاتے ہیں یہاں تک کہ اسے تباہ کر دیتے ہیں"۔

sarhaan.com
mahadsunnah.com